آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 26 | 10 رجب 1447 بدھ 31 دسمبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 317

یمن کے معاملے پر سعودیہ اور امارات کے اختلافات کھل کر سامنے آگئے

UAE کا یمن میں ملٹری آپریشن بند، اپنے فوجی واپس بلانے کا اعلان

یمن میں سعودی اتحاد کی ہتھیاروں اور فوجی گاڑیوں پر حملے کی ویڈیو وائرل، سعودی اتحادی فورسز نے یمن میں مکلا بندرگاہ پر یو اے ای کے جہاز کو نشانہ بنایا

سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات 2015 میں یمن میں حوثی باغیوں کیخلاف ایک ہی عرب اتحاد کا حصہ بنے تھے، پھر دونوں ممالک کی ترجیحات مختلف ہوتی چلی گئیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

چائے بسکٹ کیلئے ہم نہیں بیٹھیں گے، سلمان اکرم راجہ

بانی سے ملاقات نہیں کرنے دی جائے گی، پکھ اور سطحوں پر کام کر رہے ہیں، رہنما پی ٹی آئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

این اے 130 سے نواز شریف کی کامیابی کا نوٹیفکیشن درست قرار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

بابر سلیم سواتی نے ملک احمد خان کو احتجاجاً خط بھیج دیا

اسمبلی کے دورے کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر شدید تشویش کا اظہار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25


نوابشاہ، صدر آصف علی زرداری نے بلوچ اتاپا میں اپنے والد سردار حاکم علی زرداری کی قبر پر فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے

سندھ میں سولر انرجی پراجیکٹ اربوں کے گھپلے

انکوائریوں میں اربوں روپے بے قاعدگیوں کا انکشاف، اس میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیاں ہر لیول پر پائی گئیں، عوام کا پیسہ کھانا بڑا ظلم ہے، ایسا کرنا بڑا جرم ہے، سینیٹر کامل علی آغا

اس پروجیکٹ کی دو مرتبہ انکوائریاں مکمل کی گئی ہیں، یہ این جی اوز کے تحت پروجیکٹ دیا گیا تھا، سولر پروجیکٹ میں اربوں روپے کی کرپشن کے ثبوت ملے ہیں، حکام پلاننگ ڈویژن سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

صاحب اقتدار دل بڑا کریں، حالات بدلنے کیلئے ملاقات کی بھیک مانگتا ہوں، بیرسٹر گوہر

سال 2025 میں دشمن کے ساتھ سیز فائر ہوا لیکن ہمارا آپس کا تناؤ ختم نہیں ہوا، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

ہمارے لیے سسٹم رک گیا ہے، نہ کرتا تو روز یہاں کھڑے نہ ہوتے، عدالتی آرڈر ایس او پیز کے تحت جاری ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30


ننگر پارکر، چیف جسٹس آف پاکستان ننگر پار کرائی لائبریری کا دورہ کر رہے ہیں

حکومت اور ایشیائی بینک کے درمیان دو اہم منصوبوں پر دستخط

معاہدوں پر سیکریٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فان نے دستخط کیے

منصوبوں کا بنیادی مقصد موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنا (کلائمیٹ ریزیلینس) کا فروغ ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29


پشاور، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی پشاور ری ہیبلیٹیشن پلان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صنعتی علاقوں کی ترقی کیلئے 2.9 ارب روپے کی منظوری

شہر کے تمام صنعتی علاقوں کی سڑکوں اور نکاسی آب کے نظام کی مرمت کی جائے گی، سندھ حکومت صنعتی ترقی کے لیے پرعزم ہے، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ

سندھ حکومت صوبے کے دیگر انڈسٹریل اسٹیٹس کیلئے الگ پیکیج کا اعلان کریگی، صوبے کے دیگر شہروں کی صنعتی اسٹیٹس کی ترقی کیلئے انڈسٹریز ڈپارٹمنٹ کام کر رہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31


اسلام آباد، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات کر رہے ہیں

PNS کی بہتری کیلئے سالانہ 6 ارب ڈالر ادائیگی کا انکشاف

پی این ایس سی کی ازسرنو تشکیل کیلئے عالمی معیار کے مالیاتی اور قانونی مشیر مقرر کیے جائیں گے

حکومت نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی بحالی اور بہتری کا منصوبہ بنایا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38


کراچی، شرجیل میمن اورنج لائن بی آر ٹی کو گرین لائن سے منسلک کرنے کے منصوبے کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

منصوبوں سے کراچی کے ٹریفک مسائل حل ہونگے، شرجیل میمن

نئے سال کے آغاز پر شہریوں کیلئے ڈبل ڈیکر بس شروع کر دی جائے گی، ای وی بسیں بھی کراچی پہنچ چکی ہیں، سینئر وزیر

دونوں بی آر ٹی لائن کے انضمام سے اورنگی ٹاؤن کے مکینوں کو نمائش اور ناگن چورنگی تک سفر میں آسانی ہوگی، میڈیا سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

یمن نے ملک میں 90 روز کیلئے ایمرجنسی نافذ کر دی

یمن کی فضائی، بحری اور بری حدود 72 گھنٹوں کیلئے بند رہیں گی، صدارتی کونسل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

افغانستان کے مسئلے پر پاکستان ایران خصوصی نمائندوں کا رابطہ

مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسپیشل سیکیورٹی یونٹ نے متعدد سنگ میل عبور کر لئے

افسران نے امن و امان کے نفاذ اور عوام کی خدمت کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

تحریک انصاف پنجاب میں بڑی تبدیلیاں متوقع، چیف آرگنائزر

عالیہ حمزہ کا سخت فیصلوں کا اعلان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

سندھ سولر انرجی پروجیکٹ میں اربوں کی بے قاعدگی کا انکشاف

2 مرتبہ انکوائریاں کی گئی ہیں، پروجیکٹ کے تحت غریب لوگوں کو سولر پینل ملنا تھے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

انتظار ختم، بارشیں برسانے والا نظام ملک میں داخل ہوگیا

ملک کے بالائی علاقوں کے ساتھ پنجاب کے متعدد شہر بھی مستفید ہوں گے، محکمہ موسمیات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

ناظم آباد کریش پلانٹ کے قریب سے ایک شخص کی لاش برآمد

جاں بحق شخص کی شناخت 40 سالہ افضل ولد جہانزیب خان کے نام سے ہوئی، پولیس


لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اقلیتوں کیساتھ ظلم و ستم جاری، ہندوستان ٹائمز کا بھی اعتراف

مودی نے بھارت میں مسلمانوں کیلئے زمین تنگ کر دی، بھارت میں اقلیتوں کیلئے مذہبی رسومات ادا کرنا تو دور، معاشی سرگرمیاں کرنا بھی دشوار ہوگیا

انتہا پسندوں نے کیفے میں گھس کر ہنگامہ آرائی کر کے مسلم نوجوان پر بدترین تشدد کیا، بھارتی پولیس نے تحفظ فراہم کرنے کے برعکس 2 مسلم نوجوانوں پر ہی مقدمہ درج کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

پولیس کی وردی میں وارداتیں کرنے والے 4 ڈاکو گرفتار

گھروں میں پولیس چیکنگ کے بہانے داخل ہوتے اور ڈکیتی کی وارداتیں کرتے تھے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

چیف جسٹس پاکستان کا تھر پارکر کا دورہ

انصاف کی فراہمی، عدالتی نظام کا جائزہ لیا

سکھر میں بدنام زمانہ ڈاکو عبدالحکیم مقابلے میں مارا گیا

وزیر داخلہ کی ڈی آئی جی سکھر، ایس ایس پی سکھر اور پولیس ٹیم کو زبردست شاباش

سندھ پولیس کی بروقت اور موثر حکمت عملی سے ایک بڑے جرائم پیشہ عنصر کا خاتمہ ممکن ہوا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

پی آئی اے کی لندن کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44

نواب شاہ میں ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 4 افراد جاں بحق

مرنے والوں میں خاتون شامل، حادثے کے بعد ڈرائیور فرار، ٹریلر کو تحویل میں لے لیا گیا، پولیس


کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریذیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)



متحدہ عرب امارات کے صدر کا دورہ پاکستان

متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے جمعہ کو پاکستان کا پہلا سرکاری دورہ کیا۔ ان کا ایک روزہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی احترام و دیرینہ دوستی کا مظہر ہے۔ ہوائی اڈے پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفاقی وزرا نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ معزز مہمان طیارے سے باہر آئے تو وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ان سے گرمجوشی سے مصافحہ کیا، شیخ محمد بن زاید النہیان اور شہباز شریف کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ مہمان صدر کو 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ متحدہ عرب امارات کے صدر کا دورہ وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطی کے حالات کے تناظر میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس دورے سے اس سارے ریجن میں کئی پیغامات گئے ہیں۔ افغانستان کی صورت حال کے بارے میں سب جانتے ہیں۔ ایران اور یمن کے معاملات بھی خاصی اہمیت کے حامل ہیں جب کہ جنوبی ایشیا میں پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے حوالے سے بھی معاملات خاصے پیچیدہ اور گھمبیر ہیں۔ متحدہ عرب امارات خلیج کا ایسا ملک ہے جس کے ان سارے ممالک اور خطوں میں گہرے مفادات بھی ہیں۔ اس حوالے سے دیکھا جائے تو ان کے دورے کی اہمیت کو سمجھنا مشکل کام نہیں ہے۔ بلاشبہ یہ دورہ ایک روز کے لیے ہے لیکن اس سے جو پیغامات ملے ہیں، وہ خاصے اہم ہیں۔ پہلا پیغام تو یہ ہے کہ یو اے ای کے صدر نے خود یہاں آکر ظاہر کیا ہے کہ یو اے ای اور پاکستان کے درمیان گہرے دوستانہ اور تجارتی تعلقات ہیں جب کہ اسٹرٹیجک معاملات میں بھی دونوں ممالک ایک دوسرے کے بہت قریب ہیں۔ فلسطین کے تنازعے میں بھی دونوں ملکوں کا موقف ایک جیسا ہے۔ یو اے ای کے صدر کا استقبال بھی غیر معمولی تھا۔ جیسے ہی شیخ محمد بن زاید النہیان کا طیارہ پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوا تو جے ایف 17 تھنڈر طیاروں نے انہیں سلامی دی۔ نور خان ایئر بیس پر باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا، دونوں ممالک کے قومی ترانے بھی بجائے گئے۔ دورے کے دوران متحدہ عرب امارات کے صدر نے وزیر اعظم پاکستان سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کے علاوہ عالمی و علاقائی امور پر بھی بات چیت کی گئی۔ شیخ محمد بن زاید النہیان کے پاکستان کے پہلے سرکاری دورے کے موقع پر حکومت پاکستان کی جانب سے خصوصی استقبالیہ نغمہ جاری کیا گیا۔ نغمے کے بول اہلاً وسہلاً، مرحبا پر مشتمل ہیں۔ اس نغمے کے ذریعے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے برادرانہ تعلقات، باہمی احترام اور تعاون کے مضبوط رشتے کو اجاگر کیا گیا ہے۔

126 دن کے دھرنے کا پراسرار کردار: طاہر القادری کہاں کھو گئے؟

2014 کا سال پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک ہنگامہ خیز باب بن کر ابھرا، جب ڈاکٹر طاہر القادری نے نظام کی تبدیلی کے نعرے کے تحت عمران خان کے ساتھ مل کر اسلام آباد کا رخ کیا۔ بظاہر مقصد انقلاب تھا، انصاف تھا اور عوام کو حقوق دلانا تھا، مگر عملی طور پر دارالحکومت کو یرغمال بنا لیا گیا۔ پارلیمنٹ کے دروازوں پر دھرنا، ریاستی اداروں کو للکار، اور روزانہ کی اشتعال انگیز تقاریر نے ملک میں شدید سیاسی انتشار پھیلا دیا۔ طاہر القادری کی زبان سے نکلنے والے الفاظ محض احتجاج نہیں بلکہ پورے نظام کے خلاف بغاوت کا تاثر دے رہے تھے، جس کا خمیازہ پورے پاکستان نے بھگتا۔


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

سانحہ ماڈل ٹاؤن کو بنیاد بنا کر طاہر القادری نے سڑکوں کو بند کروایا، معمولات زندگی مفلوج کیے اور دعویٰ کیا کہ یہ سب شہدا کے انصاف کے لیے ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا شہدا کے انصاف کے لیے پورا ملک بند کرنا ضروری تھا؟ تجارتی سرگرمیاں ٹھپ ہوئیں، معیشت کو اربوں کا نقصان پہنچا اور عالمی سطح پر پاکستان کا تشخص مجروح ہوا۔ انصاف کے نام پر جو سیاست کی گئی، وہ دراصل دباؤ اور طاقت کے مظاہرے میں بدل گئی۔ ناقدین کے مطابق یہ احتجاج کم اور سیاسی سودے بازی زیادہ تھی، جس میں عوام کو صرف ایندھن کے طور پر استعمال کیا گیا۔

126 دن کے اس دھرنے میں عمران خان اور طاہر القادری ایک دوسرے کے شانہ بشانہ نظر آئے، مگر یہ اتحاد نظریاتی نہیں بلکہ وقتی مفادات کا تھا۔ پھر 2018 میں جب عمران خان اقتدار میں آئے تو وہی طاہر القادری، جو دن رات انقلاب کی بات کرتے تھے، اچانک منظر سے غائب ہو گئے۔ نہ ماڈل ٹاؤن کے شہدا کے لیے کوئی بڑا احتجاج، نہ نظام کی تبدیلی کا کوئی نیا مطالبہ۔ یہ خاموشی اس سوال کو جنم دیتی ہے کہ آیا 126 دن کا دھرنا واقعی پاکستان کے لیے تھا یا اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے؟
آج طاہر القادری زیادہ تر بیرون ملک مقیم ہیں، مذہبی خطابات اور تعلیمی سرگرمیوں تک محدود ہو چکے ہیں، جبکہ وہ انقلاب جس کا شور مچایا گیا تھا، کہیں دکھائی نہیں دیتا۔ حقیقت یہ ہے کہ 2014 کے دھرنوں سے نقصان صرف پاکستان کا ہوا، سیاسی عدم استحکام، معاشی کمزوری اور عوام کی مایوسی۔ مقصد کچھ بھی ہو، انجام یہی نکلا کہ ملک پیچھے رہ گیا اور نظام کی تبدیلی ایک نعرہ بن کر رہ گئی، جس کا حساب آج تک قوم مانگ رہی ہے۔

2025: کراچی اندھیروں میں ڈوب گیا، عوام کی چیخیں گونجتی رہیں!


تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

بھی آج جا رہا ہے۔ اس سال میں نے کئی عجیب و غریب افراد دیکھے ہیں۔ میرے کئی دوست جو اب اس دنیا میں نہیں رہے ان کی یاد ستاتی ہے۔ ان کے ساتھ گزارے ہوئے لمحے میں کبھی نہیں بھول سکتا، اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔ یہ سال بھی ایسے گزر گیا جیسے ابھی شروع ہوا ہو۔ ابھی کل ہی ہم دیکھ رہے تھے کہ نیو ایئر نائٹ پر پولیس اہلکار پہلے سے پہلے دکانیں بند کروا رہے تھے کہ عوام کی جان بچائی جا سکے۔ ہوائی فائرنگ سے، اور ایسا لگتا ہے کہ ایک دن بعد پھر وہی سماں آ گیا ہے۔ وقت کی رفتار نے سب کو حیران کر دیا۔ جہاں خوشیاں تھیں وہاں غموں کا سیلاب آیا۔ دوستوں کی جدائی نے دل کو چھلنی کر دیا، اور سال کے اختتام پر یہ احساس شدت سے ابھرتا ہے کہ زندگی کتنی ناپائیدار ہے۔ کراچی کی گلیوں میں گونجتی چیخیں اب خاموشی میں تبدیل ہو رہی ہیں لیکن درد اب بھی تازہ ہے۔
کراچی جیسا شہر جو کبھی روشنیوں کا شہر تھا، اس سال مزید اندھیروں میں ڈوبتا چلا گیا ہے۔ وہ روز جو کبھی کہیں نظر آتی تھیں، وہ اب بالکل غائب ہیں۔ گٹر کے ڈھکن اسی طرح غائب ہیں اور ہمارے بچے اس میں گر کر ہلاک ہو رہے ہیں۔ ٹریفک حادثات بھی اسی حساب سے بڑھ گئے ہیں اور سیکڑوں لوگ اس کی زد میں آئے، اور کئی بچ بھی گئے تو اس میں سے کئی لوگ زندگی بھر کے محتاج ہو گئے ہیں۔ بارشوں میں سڑکیں تالاب بن جاتی ہیں، اور گاڑیاں پھنس کر عوام کو پریشان کرتی ہیں۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے راتوں کو خوفناک بنا دیا، جہاں چور اچکے آزاد گھومتے ہیں۔ پانی کی قلت نے گھروں کو ویران کر دیا، اور لوگ ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ جرائم کی شرح آسمان چھو رہی ہے، اسٹریٹ کرائمز میں عام شہری نشانہ بن رہے ہیں۔ سٹریٹ لائٹس جو پہلے کہیں کہیں دکھائی دیتی تھیں، وہ اب غائب ہو گئی ہیں روڈ پر سے، لیکن کھمبے لگا کر چالان خوب کیا جا رہا ہے۔ نٹ پاتھ جو پہلے تجاوزات کا شکار تھا عوام کے چلنے کے لیے اب بالکل غائب ہو گئے ہیں اور ہر فٹ پاتھ پر قبضہ مافیا اپنا کاروبار کر رہی ہے۔ پارکنگ مافیا نے سڑکوں کو تنگ کر دیا، اور پیدل چلنے والے خطرے میں ہیں۔ کچرا ہر جگہ پھیلا ہوا ہے، جو بیماریوں کو دعوت دیتا ہے۔ ڈینگی اور ملیریا جیسی وبائیں پھیل رہی ہیں اور حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ ٹرانسپورٹ کا نظام تباہ حال ہے، بسیں اور رکشے اور لوٹ مار سے حادثات کا باعث بن رہے ہیں۔
علاج کے لیے عوام ہمیشہ کی طرح اس سال بھی سرکاری ہسپتالوں میں ذلیل و خوار ہوتی نظر آئی اور پرائیویٹ ہسپتالوں نے پریشان عوام کو لوٹنے کا دھندا خوب چلایا۔ سکول مافیا کا کاروبار مزید عروج پر گیا، وین مالکان بچوں کو جانوروں کی طرح وینوں میں بھر کر لے جاتے ہوئے نظر آتے رہے۔ ... تعلیم کے نام پر سکولوں نے فیسیں آسمان پر پہنچا دیں، اور غریب بچے تعلیم سے محروم ہو گئے۔ ہسپتالوں میں ادویات کی کمی نے مریضوں کو موت کے منہ میں دھکیل دیا۔
دکانوں پر روزمرہ کی اشیا کا سامان بھی مزید مہنگا ہوتا نظر آیا۔ پیٹرول کی قیمت ہر مہینے روپے اوپر اور روپے نیچے آتی نظر آئی۔ اشیائے خورونوش کی قیمتیں آسمان چھو رہی ہیں اور غریب آدمی دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہا ہے۔ گیس کی لوڈشیڈنگ نے کھانا پکانا مشکل بنا دیا، اور بجلی کے بلز نے کمر توڑ دی۔ کرپشن نے ہر ادارے کو کھوکھلا کر دیا، اور عوام ٹیکس دے کر بھی سہولیات سے محروم ہے۔ بے روزگاری نے نوجوانوں کو مایوس کر دیا، اور منشیات کا استعمال بڑھ گیا۔ دعا میری پھر بھی یہی ہے کہ یا اللہ اس کراچی کی عوام کے مسائل کو حل فرما اور کسی طرح ان کو اپنے بنیادی حقوق کے لیے لڑا سکھا۔

ماضی کو بھول جائیں


تحریر: محمد احمد کمالی

اچانک نام نہاد بیرونی دباؤ کے خلاف سارے سیاسی رہنما ایک زبان ہو گئے، لیکن پاکستان کے اندر جس بے رحمی کے ساتھ اختلافات کو ہوا دی جا رہی ہے، اس کا نقصان براہ راست ریاست کو پہنچ رہا ہے۔ ملک اس وقت 70 سالہ تاریخ کے بدترین سیاسی، معاشی اور سماجی بحران سے گزر رہا ہے۔
پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہو رہا ہے کہ سیاست دان ایک دوسرے کے وجود کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہیں۔ 1973 کا آئین جسے قومی اتفاق رائے سے منظور کیا گیا تھا، آج اسی آئین کے نام پر سیاست ہو رہی ہے۔
افغانستان میں ہونے والی تبدیلیوں کے بعد خطے کی سیاست نے نیا رخ اختیار کیا ہے۔ بھارت مسلسل پاکستان کے خلاف عالمی سطح پر پروپیگنڈا کر رہا ہے، جبکہ اندرون ملک سیاسی عدم استحکام نے دشمن کو مزید مواقع فراہم کیے ہیں۔
پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار سے زائد جانوں کی قربانی دی، معیشت کو 90 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان اٹھانا پڑا، مگر اس کے باوجود ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف ہیں۔
سیاست دانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ اقتدار عارضی ہوتا ہے، مگر ریاست مستقل ہوتی ہے۔ جب سیاست ذاتی مفادات کی نذر ہو جائے تو قومیں زوال کا شکار ہو جاتی ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں یہی کچھ ہو رہا ہے۔
تحریک انصاف نے 2018 میں احتساب، شفافیت اور انصاف کے نعرے کے ساتھ اقتدار سنبھالا، مگر عملی طور پر سیاسی انتقام کو فروغ دیا گیا۔ جس سے سیاسی تقسیم مزید گہری ہو گئی۔
نواز شریف کو نااہل قرار دیا گیا، مگر بعد ازاں عدالتی فیصلوں نے کئی سوالات کو جنم دیا۔ 58(2)(B) کے خاتمے کے بعد بھی سیاسی انجینئرنگ کا عمل بند نہ ہو سکا۔
2008 کے بعد جمہوری تسلسل ایک مثبت قدم تھا، مگر ذاتی دشمنیوں نے نظام کو کمزور کر دیا۔ 2013 اور 2018 کے انتخابات پر بھی سوالات اٹھتے رہے۔
2023 کے بعد پیدا ہونے والی سیاسی صورتحال نے ریاستی اداروں اور سیاسی جماعتوں کے درمیان خلیج کو مزید بڑھا دیا۔ عوام مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی کا شکار ہیں، مگر سیاسی قیادت اقتدار کی جنگ میں مصروف ہے۔
قومی سلامتی صرف سرحدوں کے تحفظ کا نام نہیں بلکہ سیاسی استحکام، معاشی خودمختاری اور عوامی اعتماد بھی اس کا حصہ ہے۔ National Security Strategy (NSS) میں بھی واضح طور پر کہا گیا ہے کہ داخلی استحکام کے بغیر خارجی سلامتی ممکن نہیں۔
وقت آ گیا ہے کہ ہم ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر آگے بڑھیں۔ سیاسی مکالمہ، برداشت اور آئینی بالادستی ہی مسائل کا حل ہے۔ اگر ہم نے اب بھی سبق نہ سیکھا تو تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی۔
ریاست بچ گئی تو سیاست بھی بچ جائے گی، لیکن اگر سیاست کی خاطر ریاست کو نقصان پہنچا تو سب کچھ داؤ پر لگ جائے گا۔
اب فیصلہ ہمیں کرنا ہے کہ ہم ماضی کو دہراتے ہیں یا ماضی کو بھلا کر مستقبل کی طرف بڑھتے ہیں۔

اگلا سال ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کا سال ثابت ہوگا، میر محمد اکبر چانڈیو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر محمد اکبر چانڈیو کے زیر اہتمام چانڈیو ہاؤس گلشن معمار میں محترمہ شہید بے نظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی ...

وقار علی خان کے اعزاز میں تقریب ستائش کا انعقاد

جنرل سیکریٹری ہائی کورٹ بار، ڈپٹی اٹارنی جنرل، پاک امریکن چیمبر کے صدر و دیگر کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جسٹس انٹرنیشنل اپنے اوورسیز کے ہیروز کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرکے میڈ ان پاکستان اشیاء کو پروموٹ کرنا اور بیرون ملک پاکستانیوں کی ہر ممکن قانونی اخلاقی مدد کرنا ہماری ترجیحات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جسٹس انٹرنیشنل کے سربراہ سینئر ایڈووکیٹ جسٹس آف پیس ... ایڈووکیٹ نے اوورسیز پاکستانی چیمپئن وقار علی خان کے اعزاز میں سندھ ہائی کورٹ کی قدیم و تاریخی لائبریری میں منعقدہ تقریب ستائش سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وقار علی خان نے کہا کہ امریکہ میں پاکستانی مصنوعات کی بڑی منڈی موجود ہے۔ امریکہ میں ہونے والے آئندہ فیفا ورلڈ کپ میں پاکستانی فٹبال کے استعمال سے پاکستان کی اسپورٹس مصنوعات کی دنیا بھر میں پذیرائی ہو رہی ہے۔ جسٹس انٹرنیشنل کے امریکن چیپٹر کیلئے ہم سے پاکستانیوں کے قانونی معاملات کے حل میں مددگار رہی ہے۔ پاک امریکن چیمبر کے سربراہ شہزاد وگل نے کہا کہ امریکہ میں پاکستانی مصنوعات کی بڑی منڈی موجود ہے۔ پاکستان کو مثبت امیج اجاگر کیا جا رہا ہے۔ سندھ ہائی کورٹ بار کی جنرل سیکریٹری فریدہ منگریو نے مہمانوں کو ویلکم کرتے ہوئے انہیں سندھی اجرک کا تحفہ پیش کیا۔

کراچی کلب کے منتخب اراکین کو رفیق سلیمان کی مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ... کے کنوینر اور سابق چیئرمین رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ریپ) رفیق سلیمان نے کراچی کلب کے سالانہ انتخاب برائے 2026 میں پروگریسو گروپ کی 100 فیصد کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ تمام کامیاب اراکین کراچی کلب کی بہتری کیلئے کام کریں گے۔ رفیق سلیمان نے کراچی کلب کے نومنتخب صدر محمد اسلم بھوجانی، سیکریٹری عبدالواحد عبدالقادر، ... کے نومنتخب اراکین خالد جان محمد کنڈیا ... کو مبارکباد پیش کی۔

دین ہمیشہ مستند اور باعمل علما سے ہی سیکھا جائے، مفتی فیض القادری

آج کل نوجوان سوشل میڈیا، یوٹیوب اور مختلف ویڈیوز کے ذریعے دین سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں، جماعت غوثیہ اہلسنت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے لیے دین اسلام سیکھنے میں مستند ذرائع کا انتخاب انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دین اسلام صرف معلومات یا چند مباحث پر مشتمل نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، جس پر عمل کر کے ہی انسان دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ مفتی محمد فیض القادری نے کہا کہ آج کل نوجوان سوشل میڈیا، یوٹیوب اور مختلف ویڈیوز کے ذریعے دین سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن دین سیکھنے میں شخصیت پرستی یا کسی کی مشہوری کو معیار نہیں بنایا جا سکتا۔ انہوں نے زور دیا کہ دین ہمیشہ تحقیق کے بعد، مستند اور باعمل علماء سے ہی سیکھا جانا چاہیے۔ چیئرمین جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل نے کہا کہ اگرچہ آن لائن تعلیم ممکن ہے، لیکن یہ ضروری ہے کہ علم حاصل کرنے والا عالم معتبر ادارے سے فارغ التحصیل ہو اور دین کے اصولوں پر عمل پیرا ہو اور فتنوں سے دور رہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ غیر مستند افراد بعض اوقات ظاہری طور پر علم و تحقیق کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن درحقیقت نوجوانوں کو فتنہ پرور نظریات کی طرف راغب کرتے ہیں، جو دین کی صحیح سمجھ کے لیے نقصان دہ ہے۔

2026 عمران خان کی رہائی کا سال ہے، ماسٹر صفا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف ... کے عہدیداروں اور کارکنان نے اپنے مشترکہ بیان میں سال 2025 کو تاریخ کا بدترین سال قرار دیتے ہوئے کہا کہ 2026 انشاء اللہ تعالیٰ ملک کے حقیقی لیڈر، بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی رہائی کا سال ہے۔ انہوں نے 2025 میں مختلف واقعات میں ہلاک افراد کے گھر والوں سے اظہار تعزیت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان حقیقی عوامی لیڈر ہیں۔





پاکستان اور ایران کے درمیان تعلقات وقت کی اہم ضرورت ہے، علامہ شبیر حسن میثمی

شبیر حسن میثمی نے عالمی بین المذاہب کانفرنس المیر اٹ ہوٹل میں شرکت

سال نو کے آغاز پر ہوائی فائرنگ سے انسانی قیمتی جانوں کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ جاوید حسین انصاری

الٹرنیٹو میڈیسنز کے شعبے کو جدید سائنسی بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت ہے، ڈاکٹر عمر زمان

الٹرنیٹو میڈیسنز عوام کو کم خرچ اور موثر علاج کی سہولت فراہم کرنے میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں، مقررین

پریکٹیشنرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، نصاب کی بہتری، عملی تربیت، تحقیق اور مسلسل نگرانی بے حد ضروری ہے

یوم تاسیس ہمیں اپنے حلف کی پاسداری کی یاد دلاتا ہے۔ حکیم محمد ابراہیم قاسمی

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد کے زیر اہتمام محمدی گراؤنڈ میں تقریب منعقد

چیئرمین فراز حسیب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مثبت پلیٹ فارم فراہم کیا: منعم ظفر خان

ایسے پروگرام نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں بلکہ معاشرے میں مثبت سوچ کو بھی فروغ دیتے ہیں: کامران سراج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد کے زیر اہتمام محمدی گراؤنڈ میں 24 تا 27 دسمبر منعقد ہونے والی کھیلوں کی سرگرمیوں کی اختتامی تقریب شاندار اور پروقار انداز میں منعقد کی گئی۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج اور معزز مہمانان گرامی کی خصوصی شرکت ...

2025 میں مختلف واقعات میں ہلاک افراد کے گھر والوں سے اظہار تعزیت۔ انچ حسین اخوندزادہ



سال 2025 پاکستان کی تاریخ کا بدترین سال تھا۔ حاشر عمر

ظہیر بھٹو حقیقی عوامی لیڈر تھے اور غریبوں کو حقوق مانگنا سکھایا۔ سید وکیل احمد

سابق وفاقی وزیر حاجی حنیف طیب سے سید جاوید سعید کاظمی کی ملاقات

خوشحال پاکستان کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے۔ محمد شاہد

پیپلز پارٹی کا نیو ایئر منانا اسلامی نقطہ نظر سے ایک سوالیہ نشان ہے، حاجی حنیف طیب

ہر مسلمان قرآن ترجمے کیساتھ پڑھنے کی کوشش کرے۔ طارق مدنی

قرآن کریم مسلمانوں کے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے۔ المدنی قرآن اکیڈمی کے طلبا سے گفتگو

شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ جمال کھوکھر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف سماجی رہنما جمال کھوکھر نے کہا کہ شہر کراچی میں الودگی کی فضائی انتہائی بلند ترین سطح پر جا پہنچا، جس کا اثر روزانہ سڑکوں پر محنت کرنے والے مزدوروں، ٹرانسپورٹ ورکرز، فیکٹری ملازمین، ریڑھی بانوں اور شہری طبقے پر پڑ رہا ہے۔





بقیہ نمبر اطلاعات 01

ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا تھا۔ اس موقع پر دوکانداروں اور علاقہ مکینوں نے علاقے میں حاجی محمد علی کو حقیقی خدمت گزار قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ نہ صرف اپنی یونین کونسل بلکہ دیگر علاقوں میں بھی ترقیاتی کاموں کے لیے سرگرم رہتے ہیں۔ عوام کا کہنا تھا کہ علاقے میں حاجی محمد علی سردی ہو یا گرمی، صبح ہو یا شام، ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہ کر ترقیاتی کاموں کی ذاتی طور پر نگرانی کرتے ہیں، جس کی بدولت مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

عابدی کو تحقیق، تدوین اور تنقید کے میدان میں ایک معتبر حوالہ سمجھا جاتا ہے، اور ان کی صدارت نے تقریب کو علمی وقار اور فکری گہرائی عطا کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی محمود احمد خان تھے، جو ادبی و سماجی حلقوں میں اپنی فکری وابستگی اور ادب دوستی کے باعث پہچانے جاتے ہیں۔ ابتدائی کلمات ثروت شاہد نے ادا کیے، جو کراچی کی معروف کاروباری اور سماجی شخصیت ہیں۔ انہوں نے نہایت جذباتی انداز میں اپنے والد محمد نسیم مہوی کے تخلیقی سفر اور اس مجموعہ کلام کی ترتیب و اشاعت کے پس منظر پر روشنی ڈالی۔ شرکا نے اسے ایک بیٹی کی جانب سے والد کے لیے ایسا فکری تحفہ قرار دیا جس پر ہر صاحب ذوق والد فخر محسوس کرے۔ کتاب پر اظہار خیال ممتاز ادیبوں اور شعرا خلیل جعفری، آفتاب عالم قریشی، عظیم رضوی، اقبال قریشی، کوثر عباس اور سلمان صدیقی نے کیا۔ مقررین نے متفقہ طور پر محمد نسیم مہوی کو عملی زندگی کا بہترین غزل گو شاعر قرار دیا، جو عام سی تصنع اور بلاغت کے اپنے داخلی احساسات، تجربات اور مشاہدات کو شعری قالب میں ڈھالتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

سے نوازا گیا۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان اور امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج نے فاتح ٹیم کو ٹرافی اور شیلڈ پیش کی اور کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کا یہ اقدام قابل تحسین ہے کہ انہوں نے محمدی گراؤنڈ جیسے معیاری کھیلوں کے میدانوں میں نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد ممکن بنایا، اور خوشی کی بات ہے کہ بہت سے وہ بچے جو پہلے غیر صحت مند سرگرمیوں کی طرف مائل تھے، اب کھیلوں کے میدانوں کا رخ کر رہے ہیں۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ ان سرگرمیوں میں خواتین کی بڑی تعداد کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن نے خواتین کے لیے بھی چار دیواری کے اندر محمدی اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلوں کی باقاعدہ سہولیات فراہم کیں، جو ایک قابل تقلید اور مثالی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں چیئرمین فراز حسیب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بچوں اور خواتین دونوں کے لیے ایک محفوظ اور مثبت پلیٹ فارم فراہم کیا۔ امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج نے کہا کہ محمدی گراؤنڈ اور محمدی اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد کی جانے والی یہ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوان نسل کو نظم و ضبط، ٹیم ورک اور صحت مند مقابلے کا شعور دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پروگرام نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں بلکہ معاشرے میں مثبت سوچ کو بھی فروغ دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

پولیس کو خصوصی احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمات درج کیے جائیں، جبکہ نشے میں دھت ہو کر باہر نکلنے والوں اور ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور مقدمات درج کیے جائیں گے۔ اس ضمن میں پولیس کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سال نو کے موقع پر میرپورخاص پولیس کی جانب سے عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ نئے سال کی خوشیاں ضرور منائیں لیکن ہوائی فائرنگ اور دوسرے غیر قانونی اقدامات سے گریز کریں۔ ہماری دعا ہے کہ آنے والا نیا سال امن، خوشحالی کا پیغام لائے، عوام بھی نئے سال کی بہتری، امن اور ملک و قوم کے بہتر مستقبل کے لیے دعا کریں۔ سال نو کی آمد پر اپنے گھروں میں رہیں اور اپنی فیملی کے ساتھ خوشیاں منائیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

طاہرین کی صورت میں موجود ہے لہٰذا ہم پر امید ہیں کہ ہمارا 2026 بھی عزم و استقلال اور پاکستان کی استحکام کے لئے بلند و بالا رہے گا نیا سال 2026 سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارک ہو منجانب: مذہبی و سوشل اسکالر مظہر حسین علوی۔ بانی علوی سوشل ویلفیئر سوسائٹی

بقیہ نمبر اطلاعات 06

ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے بلکہ پاکستان کی تاریخ میں امر ہو جائیں گے۔ پاکستانی نامور خواتین پاکستان کی مضبوط اور باوقار خواتین پاکستان کا بہترین عکاس ہیں۔ ڈاکٹر طاہرہ اقبال حکومت پاکستان سے گزارش کی ہے کہ خدمات کے صلے میں نشان امتیاز سے نوازا جائے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ نمبر اطلاعات 07

بعد اپنے ہاتھ سے تحصیلدار بیراج مختیارکار آفس کو دیے تھے اور تحصیلدار بیراج مختیارکار میرپورخاص نے جعلی 12 جعلی اے فارم جن میں سے 7 جعلی اے فارم دیہہ 123 اور 5 جعلی اے فارم دیہہ 71 تپہ سکندر آباد کے شامل تھے یہ رپورٹ تاریخ 13/2/2025 پر جاری کئے گئے تھی یہ رپورٹس کس کے پاس جمع ہوئی اور کیا کارروائی ہوئی یہ بات سوالیہ نشان ہے۔ ڈی جی اینٹی کرپشن تحقیقات کر کے حقیقت ظاہر کریں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

فائرنگ سے گریز کریں۔ انہوں نے واضح الفاظ میں خبردار کیا ہے کہ اگر کوئی شخص ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے پایا گیا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں گرفتاری اور مقدمہ درج کرنا بھی شامل ہے۔ ایس ایچ او نے مزید کہا کہ پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے الرٹ ہے اور نئے سال کے موقع پر گشت اور چیکنگ کے عمل کو مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ عوام سے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی بھی مشتبہ سرگرمی یا ہوائی فائرنگ کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دی جائے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 09

اندرونی و بیرونی سازشوں کا افواج پاکستان اور عوام مل کر ڈٹ کر مقابلہ کرتے رہیں گے، اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک عزم استحکام کے تحت کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 10

منانے کا حق ہے۔ تقریب کے اختتام پر کیک کاٹا گیا اور آتش بازی کی گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 11

کہ مسلم لیگ کا قیام برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کا ذریعہ بنا اور اسی جماعت کی جدوجہد کے نتیجے میں مسلمانوں کو ایک آزاد وطن نصیب ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آل انڈیا مسلم لیگ نے اس دور میں مسلمانوں کو سیاسی شعور دیا، ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کی اور انہیں ایک مضبوط قیادت فراہم کی، جس کی قیادت بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے کی۔ مسلم لیگ کی جدوجہد نہ صرف قیام پاکستان کا سبب بنی بلکہ ایک نظریاتی ریاست کی بنیاد بھی رکھی گئی۔ حاجی شرافت الٰہی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) آج بھی اسی نظریے کی امین ہے اور قائداعظم کے اصولوں، آئین کی بالادستی، جمہوریت اور عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے ملک کی ترقی، معاشی استحکام اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں مسلم لیگ (ن) کی ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے کہ وہ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز سے نکالنے کے لیے اپنا تاریخی کردار ادا کرے۔ یوم تاسیس ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اتحاد، قربانی اور جدوجہد کے اس مشن کو آگے بڑھائیں گے جس کی بنیاد قائداعظم اور مسلم لیگ نے رکھی تھی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 12

نے کہا کہ عمران خان کی قید حکومت کی کمزوری، خوف اور سیاسی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔ ساڑھے تین سال کی مسلط حکومت اور ڈھائی سال کی غیر قانونی قید کے باوجود آج بھی حکمران عمران خان کے نام سے گھبرا رہے ہیں۔ حکمران یاد رکھیں عمران خان کو عوام سے الگ کیا نہیں جا سکتا۔ عمران خان کو کسی بھی جیل میں منتقل کرنے کی ہر سازش حکومت کی اپنی شکست اور بوکھلاہٹ کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف یہ واضح کرتی ہے کہ عمران خان نہ مائنس ہو سکتے ہیں نہ سیاسی میدان سے نکالے جا سکتے ہیں اور نہ ہی جیل کی دیواروں کے پیچھے ان کی گونج کم ہو سکتی ہے۔ قوم کا مستقبل عمران خان کے ہاتھ میں ہے عمران خان کو رہا کیا جائے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 13

رہنما اسد اللہ بھٹو، اور سیکرٹری اطلاعات مجاہد چنا نے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سابق چیئرمین عارف یوسف جیوا کی وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، درجات بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 14

کھنڈرات کی تصویر کیوں بنا ہوا ہے۔ حسن مشوانی کا کہنا ہے کہ مومن آباد ٹاؤن آج عملی طور پر لاوارث ہو چکا ہے۔ ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، ابلتے نالے، گندگی کے انبار، اندھیرے میں ڈوبی گلیاں، ناکارہ سیوریج سسٹم اور برباد پارکس اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ترقیاتی کام صرف فائلوں اور کاغذوں تک محدود ہیں۔ عوام پوچھ رہے ہیں کہ کروڑوں روپے کے فنڈز آخر کہاں جا رہے ہیں؟ جبکہ بلدیہ نمائندے عمرہ و عمرہ کی عبادت کی غرض سے عوامی ٹیکسوں پر جا رہے ہیں۔ حسن مشوانی نے شدید ردعمل دیتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ مومن آباد ٹاؤن میں بلدیاتی فنڈز کا استعمال عوامی فلاح کے بجائے مبینہ طور پر ذاتی، نمائشی اور غیر متعلقہ سرگرمیوں پر ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک طرف عوام بنیادی سہولیات کے لیے دربدر ہیں، دوسری جانب چیئرمین کے قریبی نمائندے بلدیاتی فنڈز کے سائے تلے بیرون ملک دوروں اور عمرہ ادائیگی میں مصروف دکھائی دیتے ہیں، جو عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ صورتحال محض نااہلی نہیں بلکہ ایک منظم بدانتظامی اور مبینہ کرپشن کا معاملہ ہے، جس نے پورے ٹاؤن کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ چیئرمین ملک عارف اعوان فوری طور پر تمام بلدیاتی اخراجات، ترقیاتی منصوبوں، ٹھیکوں اور ادائیگیوں کی تفصیلات عوام کے سامنے پیش کریں اور یہ واضح کریں کہ اربوں روپے کے فنڈز کے باوجود مومن آباد ٹاؤن بدترین زبوں حالی کا شکار کیوں ہے۔ حسن مشوانی صاحب نے یہ الزام بھی عائد کیا ہے کہ ترقیاتی کام مخصوص ٹھیکیداروں اور من پسند



محکمہ سندھ پولیس کی تمام ترقیاتی اسکیموں کو جلد مکمل کیا جائے: ضیاء الحسن لنجار

ہم وزیر داخلہ سندھ کے مشکور ہیں جنہوں نے پولیس کی ہر اسکیم کو مکمل سپورٹ کیا اور حکومت سندھ سے انہیں منظور کروایا، متعدد اسکیمیں التوا کا شکار ہیں: آئی جی سندھ

افسران کی رہائش کیلئے چار مرحلوں پر مشتمل اسکیم تیار کی جائے، وزیر داخلہ کی زیر صدارت محکمہ پولیس میں جاری ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے اجلاس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



زیرک شاعر محمد نسیم مہوی کے شعری مجموعے بازگشت دروں کی پروقار تقریب

رونمائی کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں ملکی سطح کی ممتاز ادبی، فکری اور سماجی شخصیات نے شرکت کی

صدارت ڈاکٹر سید تقی عابدی نے کی، جوادب کے ممتاز محقق، نقاد اور بین الاقوامی شہرت یافتہ ادبی شخصیت ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کراچی کاٹن ایکسچینج عمارت کی اچانک بندش پر

ٹیکسٹائل ویلیو چین اور برآمدات شدید متاثر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

چیئرمین حاجی محمد علی کا یوسی 11 ٹاؤن خادم علی شاہ میں کاموں کا معائنہ

چیئرمین حاجی محمد علی نے فوری طور پر ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا تھا

وہ نہ صرف اپنی یونین کونسل بلکہ دیگر علاقوں میں بھی ترقیاتی کاموں کے لیے سرگرم رہتے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

قائداعظم کیلئے مسلمان اپنی جانیں قربان کرنے کیلئے تیار تھے: ڈاکٹر عابد شیروانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

فاطمہ عمر (BefitwithFa) کی جانب سے خصوصی سیشن کا انعقاد

بصارت سے محروم افراد سمیت مختلف صلاحیتوں کے حامل شرکا نے بھرپور شرکت کی

یہ سیشن یوگا، ذہنی صحت کی سرگرمیوں اور مراقبے کے ذریعے شمولیت، حوصلے کا خوبصورت پیغام تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انڈیپنڈنٹ لیونگ سینٹر (P I L C) میں فاطمہ عمر (BefitwithFa) کی جانب سے خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں وہیل چیئرز استعمال کرنے والے اور بصارت سے محروم افراد سمیت مختلف صلاحیتوں کے حامل شرکا نے بھرپور شرکت کی۔ یہ سیشن یوگا، ذہنی صحت کی سرگرمیوں اور مراقبے کے ذریعے شمولیت، خود اعتمادی اور حوصلے کا خوبصورت پیغام تھا۔

مقامی ہائبرڈ گاڑیوں اور بائیکس پر سیلز ٹیکس بڑھنے کا امکان

آئی ایم ایف نے یکم جولائی سے لوکل مینوفیکچرڈ ہائبرڈ گاڑیوں اور بائیکس پر سیلز ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

سرکاری دستاویز کے مطابق لوکل مینوفیکچرڈ ہائبرڈ الیکٹریکل وہیکل پر 30 جون 2026 تک سیلز ٹیکس چھوٹ حاصل ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



کراچی کا کچرا شہری زندگی کیلئے سنگین خطرہ بنتا جا رہا ہے: حسنین علی چوہان

پلاسٹک ویسٹ سے نالوں کے مضبوط ڈھکن بنا کر حادثات روکے جائیں، حکومت کی عدم توجہی کے باعث کراچی کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو رہا ہے

کراچی کے کچرے کو کارآمد بنا کر کچرے سے بجلی پیدا کی جائے، جس سے نہ صرف شہر کی صفائی ممکن ہوگی بلکہ توانائی بحران پر بھی قابو پایا جا سکے گا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد کے زیر اہتمام محمدی گراؤنڈ میں تقریب منعقد

چیئرمین فراز حسیب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مثبت پلیٹ فارم فراہم کیا: منعم ظفر خان

ایسے پروگرام نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں بلکہ معاشرے میں مثبت سوچ کو بھی فروغ دیتے ہیں: کامران سراج

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

سڑکوں کی حالت کو درست کرنے اور ٹریفک مینجمنٹ نظام کو بہتر بنانے کیلئے سروے کا کام مکمل

پروپوزلز تیار کر لئے گئے ہیں، بیشتر منصوبوں کے پی سی ون تیار، جامع منصوبہ بندی مکمل، اجلاس میں تمام اداروں نے اپنے منصوبوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا

ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز 453 اندرونی سڑکوں اور بلدیہ عظمیٰ 106 اہم شاہراہوں اور سڑکوں کی مرمت کریں گی، کمشنر کراچی سید حسن نقوی کو بریفنگ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

نئے سال کی خوشی میں ہوائی فائرنگ کرنا جرم ہے، ڈاکٹر سمیر نور چنہ

ہوائی فائرنگ اور ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کے احکامات جاری

فائرنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانون کے تحت مقدمات درج کئے جائیں گے، SSP میرپورخاص

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن اور ایچ ای پی آر ٹی کو گرین لائن سے منسلک کرنے کے منصوبے کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، دوسری جانب منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

نیا سال 2026 سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارک ہو، مظہر حسین علوی

پاکستان کی سالمیت، دین اور ایمان کی سلامتی، ملک و فکر کی بلندی، نظریہ ثبت اسلام کو لیکر آگے بڑھیں گے

بدلتی چیزیں اچھے لئے ہیں جن کے پاس گلاب کے پھول نہ ہوں، خوشبو نہ ہو، طہارت نہ ہو



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج کے ہمراہ فاتح ٹیم کو ونر ٹرافی پیش کر رہے ہیں

اسرائیل نے فلسطینیوں کے خلاف سازشیں شروع کر دی: ثروت اعجاز قادری

اسرائیل نے فلسطینی پناہ گزین کیلئے سفارتی استثنیٰ ختم کر دیا، عالمی برادری، او آئی سی اور اقوام متحدہ فوری طور پر اس سنگین معاملے کا نوٹس لیں

اسرائیل دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونک کر مظلوم فلسطینی عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم کرنا چاہتا ہے، مگر تاریخ گواہ ہے کہ ظلم کبھی دیر پا نہیں ہوتا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



سرد موسم ہوتے ہی انڈوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے، مارکیٹ میں انڈے 450 روپے درجن فروخت ہو رہے ہیں

تشدد کے خلاف عورت کی آواز، فلم آٹم نے خاموشی توڑ دی

فلم کی مرکزی کہانی ایک نوجوان بے سہارا لڑکی ماہ نور (عالیہ علی) کے گرد گھومتی ہے، جو ایک معذور باپ کی بیٹی ہے اور تعلیم حاصل کرنے کی خواہش رکھتی ہے

ماہ نور ماڈلنگ کی دنیا میں قدم رکھتی ہے، مختصر عرصے میں کامیابی حاصل کرتی اور ایک یتیم خانہ قائم کر کے معاشرے کو امید اور انسانیت کا پیغام دیتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خواتین پر تشدد (Violence Against Women) ہمارے معاشرے کا ایک تلخ اور دیرینہ مسئلہ ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

سال 2025 تاجر برادری اور ملکی معیشت کیلئے انتہائی مشکل رہا: زبیر موتی والا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں نہایت پُرعزم اور ذمہ دارانہ انداز میں بھارتی جارحیت کا قومی اتحاد، ہم آہنگی اور اجتماعی عزم کیساتھ مقابلہ کیا گیا

سال 2026 جبر، بے پناہ ٹیکسوں اور خوف پر مبنی پالیسیوں سے چھٹکارے کا سال ہونا چاہیے، چیئرمین بی ایم جی گروپ کا جاری بیان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

پروفیسر ڈاکٹر زاہدہ ایک عظیم ڈاکٹر تھیں۔ ڈاکٹر عذرا قمر

مرحومہ کے انتقال سے طب کی دنیا میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے جو کبھی پر نہیں ہو سکے گا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

نئے سال کی خوشی میں ہوائی فائرنگ سے گریز کیا جائے SHO جیکسن

ہوائی فائرنگ نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی شدید خطرہ بن سکتی ہے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

کراچی سے کشمور سندھ بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے، صوبائی امیر

صدر آصف زرداری سندھ میں ڈاکو راج قبائلی دہشت گردی سے عوام کو نجات دلائیں

سندھ خاص معاہدے کی خلاف ورزی خطے کے امن کو سبوتاژ اور سندھ کو بنجر بنانے کی سازش ہے

فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانا بڑی کامیابی ہے، عبدالعلیم خانزادہ

پوری قوم اپنے اس بہادر سپوت میجر عادل زمان کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گی

اندرونی و بیرونی سازشوں کا افواج پاکستان اور عوام مل کر ڈٹ کر مقابلہ کرتے رہیں گے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9



کراچی: ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق نظامانی کلائمیٹ ایکشن سینٹر کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

رمیش کمار میگھواڑ کے بنائے 32 جعلی اے فارم کی رپورٹ منظر عام پر

رمیش کمار میگھواڑ نے جو 32 جعلی اے فارم بنائے تھے جن میں سے 20 جعلی اے فارم دیہہ 77 کے تھے

ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن میرپورخاص میں رمیش کمار میگھواڑ کے خلاف انکوائری چل رہی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

آج بھی حکمران عمران خان کے نام سے گھبرا رہے ہیں۔ عبدالرحمان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

موسی کالونی گلبرگ نمبر 1 میں بنگالی کلچر ڈے کا انعقاد کیا گیا

سینئر رکن دلاور عباس اور بنگالی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے کاروباری شخصیات نے شرکت کی

بنگالی بھی پاکستان کا حصہ ہے ان سے بھی اپنا کلچر منانے کا حق ہے، دلاور عباس



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

جماعت اسلامی رہنماؤں کا عارف یوسف جیوا کی وفات پر اظہار تعزیت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

مومن آباد ٹاؤن میں بلدیاتی نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا، حسن مشوانی

عوامی حلقوں کا سوال ہے کہ گر بلدیاتی ادارے کے نام پر ہر ماہ 12 کروڑ روپے خرچ کیے جا رہے ہیں

مومن آباد ٹاؤن میں بلدیاتی فنڈز کا استعمال ذاتی نمائش اور غیر متعلقہ سرگرمیوں پر ہو رہا ہے، سینئر رہنما

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



مسلم لیگ نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا، حاجی شرافت اکاخیل

مسلم لیگ کی جدوجہد نہ صرف قیام پاکستان کا سبب بنی بلکہ ایک نظریاتی ریاست کی بنیاد بھی رکھی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے اسکول آف ویژول اینڈ پرفارمنگ آرٹس کی جانب سے منعقدہ نشست میں اظہار خیال کر رہے ہیں